رہبر انقلاب اسلامی امام راحل رح کے مزار اور بہشت زہرا س میں - 1 /Feb/ 2017

رہبر انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمیٰ خامنہ ای نے آج صبح امام راحل کے مزار پر حاضری دی اور وہاں نماز اور فاتحہ خوانی کر کے انقلاب اسلامی کے عظیم بانی کو خراج تحسین پیش کیا۔
حضرت آیت اللہ خامنہ ای نے تشخیص مصلحت نظام کونسل کے سابق سربراہ کی قبر پر بھی حاضری دی، قرآن کی تلاوت کی اور مرحوم کے لئے عفو الہی اور رحمت و مغفرت کی دعا کیـ
رہبر انقلاب اسلامی نے اسکے بعد سانحہ سات تیر سمیت دیگر سانحات میں شہید ہونے والے شہداء کی قبروں پر حاضری دی اور شہید بہشتی، رجائی، با ہنر اور دیگر شہدائے کرام کے والا مقام کی قدردانی کیـ
آپ اسکے بعد اسلامی انقلاب اور مقدس دفاع، اہل بیت علیہم السلام کے حرم اور حریم کے دفاع کے دوران شہید ہونے والے افراد اور پلاسکو بلڈنگ کے سانحے میں اپنے فرائض کی ادائگی کے دوران شہید ہونے والے مومن اور جانباز فائر فائٹرز کی قبروں پر تشریف لے گئے اور ان فداکار اور با اخلاص شہداء کو خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے خداوند متعال کی بارگاہ میں انکے درجات کی بلندی کے لئے دعا کیـ